Gastritis

گیسٹرائیٹس

گیسٹرائیٹس گیسٹرو انٹرائیٹس و انٹرائیٹس کی علامات و علاج قریباً قریب ملتی جلتی ہیں ۔ لہذا تینوں مرض کا ایک جگہ ذکر کیا جائیگا ۔

گیسٹرائیٹس یعنی سوزش معدہ کی دو قسم ہیں ایک تو معدہ کی سوزش حاد جو سنکھیا و غیرہ زہر یا تیز و اکال چیزوں کے کھانے پینے سے ہوتی ہے اور جسکی علامات یہ ہیں شدید درد و جلن معدہ پر ہونا ۔ دبانے یا کوئی چیز کھانے سے درد کی زیادتی ہو جانا بار بار قے و ہچکیوں کا آنا ۔ بے چینی و تشنگی و ضعف کا ہونا ۔ اگر معدہ میں سوراخ پیدا ہو جائے تو یکایک درد رفع و نقاہت زیادہ و ہاتھ پاؤں سرد ہو کر مر جاتا ۔ دوسری مزمن مرض جو بعد سوزش حاد کے یا شراب خواری یا خراب غذا کھانے یا قبض شکم ہونے سے ہوتی ہے اسمیں بے اشتہائی و تشنگی غثیان و قے و قبض شکم و معدہ پر دبانے یا کھانا کھانے سے درد ہوتا رہتا ہے ۔

گیسٹرو انٹرائیٹس اسکو کہتے ہیں کہ جب معدہ اور چھوٹی آنتوں میں سوزش ہو اسمیں قے و ہچکیاں اور معدہ اور تمام شکم پر درد معلوم ہوتا ہے ۔

انٹرائیٹس یعنی سوزش امعا اکال زہروں کے کھانے یا امعا میں سخت سدے پڑ جانے سے پیدا ہو جاتی ہے علامات شدید درد شکم (جسکی دبانے سے زیادتی ہوتی ہے) نفخ صفراوی قے غثیان ۔ قبض ۔ بخار نقاہت ۔ ہوتی ہے ۔ آخر کو درد کی زیادتی و دست و پا سرد و جسم پسینہ سے تر و کالپس کی علامات پیدا ہو کر یا آنتوں میں سوراخ ہو جانے سے یکایک درد رفع ہو کر بعد مریض مر جاتا ہے ۔

غرضیکہ معدہ و اسماء خوردہ میں سوزش ہوتی ہے تو قبض و دق کی علامات ہوتی ہیں بڑی آنتوں کی سوزش کی مانند جریان خون و ضرر زیادہ نہیں ہوتا ٭

علاج

ڈاکٹر برسٹو صاحب J. Bristowe M. D. Lond. فرماتے ہیں کہ اگر گیسٹرائٹس خفیف ہو تو ایک سے دو درجن جونکیں لگانا یا گرم سینک کرنا کافی ہوتا ہے لیکن سخت حالت میں بارہ سے بیس تک جونکیں لگانا۔ کھانا بہت کم کھلانا برف چوسانا برف ملا ہوا دودھ پلانا۔ اگر افیون کی ضرورت ہو تو اسکی پچکاری زیر جلد کرنا۔ یا بسمتھ و میگنیشیا کے ساتھ ملا کر افیون دینا۔ چونے کا پانی پلانا۔ قلیل المقدار میں ڈائیلوٹ ہیڈرو سیانک ایسڈ دینا۔ محرکات سے پرہیز کرانا مناسب ہوتا ہے ٭

خفیف اسٹرائٹس میں بھی علاج مذکورہ بالا سے فائدہ ہو سکتا ہے مگر شدید صورتوں میں درد و اختلال معدہ کم کرنیکے لئے افیون کھلانا یا اسکی پچکاری زیر جلد کرنا۔ مسہلات کا دینا ٭ ابتداء مرض میں جونکیں لگانا۔ گرم سینک کرنا۔ اور چونکہ معدہ متحمل نہیں ہوتا بدیں وجہ کمزوری کو دور کرنیکے لئے غذا اور محرک دوویہ بذریعہ حقنہ کے پہنچانا عمدہ علاج ہے ٭

ڈاکٹر وائٹ صاحب — Dr. White فرماتے ہیں کہ ایکیوٹ گیسٹرائٹس میں یہ نسخہ مفید ہے ٭

نسخہ

Rx

Tr. veratri viridis gtt. XV — ٹنکچر آف ہیلے بور ۱۵ قطرہ

Liq. morph. sulph. gtt. XXV — سولیوشن آف سلفیٹ آف مارفیا ۲۵ قطرہ

بعد دوا نسخہ ہر دو گھنٹہ کے ایک دو ہفتہ قبض رہنے سے کچھ نقصان نہیں ہوتا ٭

کاربولک ایسڈ ۱۲ گرین — Acidi carbolici gr. 12

پپرمنٹ واٹر ایک اونس — Aq. menth. pip. f℥j

M.

مکسچر بنا کر ایک ایک ٹی اسپون فل تین تین گھنٹہ بعد دیں ۔ A teaspoonful every three hours.

نسخہ مندرجہ بالا کے ساتھ عند الضرورت برف چوسنا ۔ جونک لگانا ۔ سینک کرنا بھی مناسب ہے ۔

ڈاکٹر ہارٹ شارن صاحب H. Hartshorne M. D. فرماتے ہیں کہ کرانک گیسٹرائٹس میں اپیگاسٹرم پر ادویات کاؤنٹر اریٹیشن اور بلسٹر لگانا اور یہ نسخہ دینا مفید ہے ۔

℞

نائٹریٹ آف سلور ۵ گرین نسخہ — Argenti nit. gr. v

افیم پوڈر ڈھائی گرین — Pulv. opii gr. iiss

M.

دونوں کو ملا کر بیس گولیاں بنا لیں اور ایک ایک گولی دن میں تین بار دیں ۔ For twenty pills – one thrice daily.

چوتھائی گرین کی مقدار سے نائٹریٹ آف سلور شروع کر کے رفتہ رفتہ کئی ہفتہ تک بڑھا سکتے ہیں ۔ غذا اس مرض میں سادہ اور قلیل المقدار کئی بار کر کے کھانا اور پانی کم پینا چاہیے اگر پیاس کی شدت ہو تو برف کے ٹکڑے چوسنا مناسب ہے ۔ اور کوئی غذا موافق نہ آئے تو صرف دودھ کی بالائی کھلانا کافی ہوتا ہے ۔

ڈاکٹر ملٹ صاحب Dr. Millet, France فرماتے ہیں کہ

مزمن گیسٹرائٹس یعنی گیسٹرالجیا یعنی درد معدہ بھی ہو تو یہ نسخہ مفید ہے ۔

Rx. **نسخہ**

Ext. hyoscyami gr. ii	۲ گرین	ایکسٹرا کٹ آف ہایاسس
Argenti nit. gr. vi	۶ گرین	نائیٹریٹ آف سلور
Bismuthi subnit. gr. xxx	۳۰ گرین	سب نائٹریٹ آف بسمتھ

Divide into forty pills. One morning & evening.
ملا کر چالیس گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی صبح شام دینا۔

کیسٹر الیا میں یہ نسخہ مفید ہے

Rx. **نسخہ**

Ext. belladonnae gr. v	۵ گرین	ایکسٹرا کٹ آف بلاڈونا
Quininae sulph. gr. xxx	۳۰ گرین	سلفیٹ آف کونین
Ext. valerianae q.s.	حسب ضرورت	ایکسٹرا کٹ آف ویلیرین

Divide into fifteen pills. One thrice daily.
ملا کر ۱۵ گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی دن میں تین بار دینا۔

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston فرماتے ہیں کہ

[illegible] کہ بیچ میں [illegible] لگانا۔ افیون دینا۔ جگر میں اجتماع خون ہو تو [illegible] گرین کیلومل دیکر ایک اونس روغن بید انجیر پلانا۔ گرم غسل کرانا۔ پیٹ پر گرم کپڑے کی پٹی باندھنا۔ کبھی کبھی پانچ پانچ گرین [illegible] دینا۔ جب مرض جاتا رہے تو [illegible] قطرے ٹنکچر [illegible] ایک اونس [illegible] کے غسل میں ملا کر دن میں [illegible] پلانا۔ اس مرض کا عمدہ علاج ہے اور غذا حیوانی سادہ شوربہ کے جا [illegible] چاول دینا

دا ادیہ یا اشربہ یا ایلا لوکی پینچ وغیرہ جو ریشہ دار ہیں کیونکہ یہ چیزیں خوب بالکل ہضم نہیں ہوتی اور خراش
Dr mirza Ashraf Ali
ڈاکٹر میرزا اشرف علی صاحب غذا
کر ادیہ شکایت ایگسمایین افیون کھلانا - برف کے ٹکڑے چبانا - برف کا پانی جائے سوزش
ادیہ یا ملینیڈی وغیرہ یا اشربہ یا ماء جمع عربی یا دودھ کھلانا - قلیل المقدار یا رقیق یا ڈائیوریٹک
چاول یا گوشت کا آب جوش بذریعہ حقنہ کے انتڑیوں میں پہنچانا - مرض میں آرام ہونے
کے بعد غذا کا پرہیز کرانا لازم ہے ۔
کر انجکسیا ڈسپپسیا میں بہت ہلکی پتلی غذا مثلاً ساگودانہ یا دودھ وغیرہ کھلانا - معدہ کو صاف
رکھنا - معطش خواص دوا دینا - دیگر علاج مثل بدہضمی کے کرنا چاہیے ۔
اینٹرائیٹس میں آرام سے چارپائی پر مریض کو لٹائے رکھنا - ابتدا میں مسہلات نہ دینا اگر ضرورت
ہو تو گرم پانی سے بذریعہ پچکاری آنتوں کا صاف کرنا - افیون کھلانا - پیٹ پر گرم پانی سے
سینکنا کرنا - سوزش رفع ہونے کے بعد روغن بید انجیر پلانا - باقی مقوی ادویہ کا حسب ضرورت
کمزور ہو تو روغن ماہی و مرکبات فولاد وغیرہ کا دینا - ہلکی غذا مثلاً دودھ ساگودانہ شوربا وغیرہ
کھلانا - برف کا پانی پلانا - اگر کالیسی کی علامات ظاہر ہوں تو حابضہ ادویہ کا استعمال کرنا اس مرض
کا علاج ہے ۔

Gastric Ulcer.

گیسٹرک السر

اکال زہر دار چیزون کے کھانے سے معدہ مین سوزش حادہ ہوکر زخم ہو جائین تو انکو گیسٹرک السر یعنی قرحۃ المعدہ کہتے ہین ۔ مگر کبھی بغیر اکیوٹ گیسٹرائیٹس کے بھی زخم ہو جاتے ہین ۔

معدہ مین زخم ہو جانے سے قے و غثیان و خلل ہضم و جریان خون و درد ہوتا ہے جسکی زیادتی مقام ماؤف پر دبانے سے ہوتی ہے یہ زخم یا تو مندمل ہو جاتے ہین ورنہ معدہ مین سوراخ ہونے سے یا اجزا خون ہونے کے سبب یا غذا نہ ملنے کی وجہ سے لاغر ہو کر مریض مر جاتا ہے ۔

علاج

ڈاکٹر لیبرٹ صاحب Dr. A Lebert فرماتے ہین کہ اس خطرناک بیماری مین اس علاج سے اکثر فایدہ ہوا ہے کہ مریض کو پلنگ پر آرام سے لٹائے رکھین ۔

دن بھر مین دو سیر دودھ مین کر تھوڑا تھوڑا تین تین گھنٹہ بعد کرکے اور رات کو بالکل نہ دین اور چونکہ دودھ بھی معدہ مین مشکل رہتا ہے بدین وجہ اسمین چوتھائی حصہ لائم واٹر یا تھوڑے سے بائی کاربونیٹ آف سوڈا ملا دین ۔ اور دو ہفتہ تک یہی غذا کا دینا کافی ہوتا ہے بعد کسیقدر الحلی وپرورش کنندہ غذا اسکے ساتھ دے سکتے ہین ۔

درد رفع کرنے کے لئے مرکبات افیون کا حقنہ یا اسکی پچکاری زیر جلد کرنا مناسب ہے ۔

قے بند کرنے کے لیے برف کا کھلانا اور لگانا ۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بعد آرجنٹ نائٹراس یا پانچ قطرے کی مقدار مین ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئرن یا ایسیٹیٹ آف لیڈ یا

ایلم دستہ؟ دینا چاہیئے ۔

تھر دکھنے کے واسطے برف میں جمایا ہوا دودھ یا بسمتھ کے ساتھ ازو سنگ یا اپیکا یا الکلیں اللفا

افیون دینا مناسب ہے اور اگر کسی دوا سے فایدہ نہ ہو تو اس نسخہ سے قے رکجاتی ہے ۔

Rx.

نسخہ

Potassii iodid. ʒi — ایک ڈرام — آیوڈایڈ آف پٹاسیم

Tr. cinchonae f. ℥i — ایک اونس — ٹنکچر آف سنکونا

Ten to twenty m. — دونوں کو ملا کر دس سے بیس قطرے

drops several times a day — دن میں کئی بار دینا ۔

قبض ہو تو سرد حقنہ یا ایلوہ کی گولی سے فایدہ ہوتا ہے ۔

سوراخ ہو جائے تو بالکل آرام سے رکھنا اور جلد کے نیچے پوری مقدار افیون کی پچکاری کرنا ۔

اپیکاک سنٹرم پر برف لگانا عمدہ علاج ہے ۔

جب فایدہ ہوتا جائے تو نسخہ مندرجہ ذیل ٹانک کے فایدہ کے واسطے دیں ۔

Rx.

نسخہ

Ferri lactatis gr. xv — ۱۵ گرین — لیکٹیٹ آف آئرن

Acidi tartarici ʒii — ۲ ڈرام — ٹارٹرک ایسڈ

Sodii bicarb. ʒiii — ۳ ڈرام — بائی کاربونیٹ آف سوڈا

One from half m. — سب کو ملا کر چوڑے منہ کی شیشہ کی ڈاٹ والی

۔ ایک پائنٹ دودھ میں دو ڈرام پنکری کا سفوف ۱۵ گرین [illegible] ملا کر [illegible] ایلم دستہ انکی

مقدار خوراک ایک وائن گلاس ہے ۔

…یونس …ینٹا اور نصف سے ایک ٹی اسپونفل — to one tea-

…پونڈ واٹر گلاس پانی میں ملاکر دن میں دو تین — spoonful in

…مرتبہ دیں ۔ — water twice a day.

ڈاکٹر زائیمسن صاحب Prof. H. Ziemssen فرماتے ہیں کہ

اس مرض میں کبھی ماء سکل الکلائین دوا اور دودھ بجائے غذا دیں ۔ نباتی، رغنیات اور

نشاستہ دار اشیاء سے پرہیز کرائیں ۔ معدہ کا تشنج دور کرنے کو مارفیا کی پچکاری زیر جلد کریں ۔

…سٹرک السر خصوصاً معدہ کے کینسر کا اسرطور ہونے سے یہ علامات ہوتی ہیں ۔ گیسٹرک

…مار ۔ معدہ میں غذا موجود رہنا اور اس میں تیزابی کیفیت پیدا ہو جانا ۔ کھانا کھانے کے بعد

…ئے ہونا ۔ قبض شکم ہونا ۔ معدہ کے مقام کا نیچے کو بیٹھ جانا اور معدہ کا پھیل جانا ۔

حالات مذکورہ میں ساؤنڈ اور اسٹمک پمپ لگانا ۔ خشک غذا اور سوتے وقت زر بیاد دینا سا

ور جیسا بت کرنی ہو تو دسویں حصہ گرین کا اکسٹراکٹ آف بلاڈونا یا اکسٹراکٹ آف نکس وامیکا

زر بیاد کے ساتھ ملاکر استعمال کرنا مناسب ہے ۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب J. Costa M.D. فرماتے ہیں

کہ اس مرض میں یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ — Rx.

…ائٹریٹ آف سلور ۵ گرین — Argenti nitratis gr v.

…سٹراکٹ آف اوپیم ۱۰ گرین — Ext. opii gr x

…دونوں کو ملاکر بیس گولیاں بنائیں اور ایک — For twenty pills –

…ایک گولی دن میں تین بار دیں ۔ — one thrice daily.

اگر انہیں گلا دینا مناسب ہے تو قے درد دور کرنے کیلئے یہ ایک عمدہ نسخہ ہے ۔

نسخہ

Rx.

Bismuthi subnit. ʒii	۲ ڈرام	سب نائیٹریٹ آف بسمتھ
Acidi hydrocyanici dil. f. ʒss	آدھا ڈرام	ڈائیلوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ
Mucilag. acaciae	۲ اونس	میوسلیج آف گم
Aq. menthae pip. āā f. ʒii	۲ اونس	پیپرمنٹ واٹر

سب کو ملا کر ایک ایک ٹیبل اسپون فل دن میں تین مرتبہ دیں ۔ M.

A tablespoonful thrice daily.

Dr. Fenwick. ڈاکٹر فینوک صاحب فرماتے ہیں

کہ اس مرض میں اگر درد کی شدت و قے کی کثرت ہو تو سمجھنا چاہیے کہ سب ایکوٹ گیسٹرائٹس یعنی معدہ کے اندر سوزش موجود ہے اس حالت میں مریض کو آرام سے رکھنا ۔ کبھی جونکیں لگوا کر اکثر پولٹس لگانا اور ٹارپین کے تیل سے سینکنا ۔ یا خشک سینگیاں لگانا ۔ غذا ہلکی فقط آرا روٹ دودھ وغیرہ و کولی یعنی برف تھوڑی مقدار میں بار بار کھلانا ۔ درد رفع کرنے کو برف ۔ اور مرض کے شدید درجہ میں مارفیا اور ڈائیلوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ قلیل المقدار نائیٹریٹ آف پوٹاش کے ساتھ اور تیزابی کیفیت موجود ہو تو میگنیشیا اور سوڈا کے ساتھ دینا مناسب ہے ۔

جب درد و قے کم ہو جائے تو تھوڑا تھوڑا ایکسر سائیز کرانا ۔ ہلکی غذا کھلانا ۔ معدہ پر بلسٹر لگا کر اسپر مارفیا چھڑکنا ۔ بسمتھ و میگنیشیا مارفیا کے ساتھ اور چونے کا پانی دودھ کے ساتھ ملا کر دینا چاہیے ۔

جیسا آرام ہوتا پایا ہے تو خوشی اور دیگر اور پیشاب میں خاص غیض منجمد ہوتا ہو تو مصنوعی تیزاب
قلب کے ہمراہ بعدہ کاربائیٹریٹ آف آئرن یا پرسلفیٹ آف آئرن دیتے ہیں ۔
اور کھانا آن زنگ بھی مرض میں مفید ہے اور آرام ہونے پر قدرے برانڈی بھی دیکھنے
اور جن مریضوں کو آرام ہوتا ہو انکو میدان میں رہنا بہتر ہے ۔

Laryngitis.

لیرنجائٹس

حنجرہ کی سوزش کو لیرنجائٹس کہتے ہیں اسکی دو قسم ہیں ایکوٹ یعنی شدید و کرانک یعنی مزمن پس دونو کا علیحدہ علیحدہ بیان کیا جاتا ہے

Acute Laryngitis.

ایکوٹ لیرنجائٹس

سبب پیدائش اکثر بات یا رہ بکثرت کھانے یا التہاب انگیز دواؤں کے نگلنے یا تیز ہواؤں کے سونگھنے یا سردی لگنے یا یکایک سرد باد و نو دونوں کی سوزش گلے کے اندر پھیلنے سے جب حنجرہ میں شدید سوزش ہوجاتی ہے تو بخار کھانسی درد حنجرہ گرانی آواز و ضیق تنفس گلے میں ورم و سرخی و تشنج ہوکر دوسرے درجہ کی خراب علامات لاحق ہوجاتی ہیں یعنی آنکھوں کا باہر نکلا ہوا ہونا۔ نتھنوں کا پھولنا۔ نبض ضعیف و متواتر و غیر مساوی ہونا۔ گلے سے آواز کم یا بالکل نہ نکلنا۔ سینہ میں خرخراہٹ ہونا۔ دم گھٹنا۔ آخر کو سرسام و غشی ہوکر تیسرے یا پانچویں روز مر جانا۔

علاج

ڈاکٹر برسٹو صاحب J. Bristowe M. D فرماتے ہیں کہ معمولی زکام کے سبب جو مرض ہو تو مریض کو گرم جگہ میں رکھنا۔ دوا کی بھاپ اندر لے دینا۔ گلے کو سینکنا یا اسپنج سے ڈی پلاسٹر لگانا۔ گرم دودھ یا قابض دواؤں کا غرارہ کرانا۔ [illegible] گرم پانی کا تمبو سے سنگھانا۔ گرم فلٹ باندھ کر پسینہ لوانا۔ [illegible] بشکل [illegible] پوڈر دینا مفید ہوتا ہے۔ اگر مرض شروع سے ہی شدید ہو تو [illegible]

لگانا مناسب ہے ۔
بعض حالات میں ٹریکاٹمی کی بھی ضرورت ہوتی ہے لیکن عند الضرورت یعنی جب مریض کی
حالت غیر ہوتی جاتی ہو تو شروع ہی میں یہ اپریشن کر دیں ۔

ڈاکٹر کرشیبر صاحب Dr. Krishaber

فرماتے ہیں کہ اگر حنجرہ میں انفلامیشن شدید و خوفناک ہو تو ایک یا دو بار فصد لینے اور گردن پر
بھری ہوئی سینگیاں لگانے سے تو مرض میں کمی ہو جاتی ہے اسکے سوا یا آئیوڈین یا
بیلکی ہی ملا کر کسی طرح گلے کے اندر لگانا یا کاسٹک سے جلانا بھی بہتر ہے ۔ اگر سوجن گلا کی
کی بوجہ کینسر یا ٹیوبرکل کے ہو تو کچھ علاج نہیں ہو سکتا ۔

ڈاکٹر وہیپہم صاحب Dr. Whipham. فرماتے ہیں
کہ نسخہ مندرجہ ذیل کا پلانا مفید ہے ۔

نسخہ

℞.

Vin. antimon. f. ʒss.	آدھا ڈرام	وائن آف انٹیمنی
Vin. ipecac. ♏ x.	۱۰ قطرے	وائن آف ایپکا
Potass. acet. ℈i	ایک اسکروپل	ایسیٹیٹ آف پوٹاس
Spts. aeth. nit. f. ʒi	ایک ڈرام	نائیٹرک ایتھر
Potass. nit. ℈ss.	۱۰ گرین	نائیٹر

M.
To be given every four hours.

سب کو ملا کر ایک خوراک کریں اور ایسی چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔

ڈاکٹر براؤن صاحب Dr. L. Browne فرماتے ہیں کہ

حنجرہ و حلقوم کی شدید سوزش میں انہلیشن کے لیے نسخہ مندرجہ ذیل بہتر ہے۔

نسخہ انہلیشن

Rx.

Tr. benzoini comp. f ℥iii — ۳ اونس — کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوان

Chloroformi m xxv — ۲۵ قطرے — کلوروفارم

M. — دونوں کو ملا لیں اور اس میں سے ایک ٹی سپون فل

For inhalation — لیکر ایک پائینٹ گرم پانی (۱۴۰ اور ۱۵۰ درجہ فارنہائٹ میں) ملاکر

ایک بار انہلیشن کریں۔

شروع کے ماہ میں گیارہ بجے سے چار بجے کے درمیان ایک خوراک نسخہ مندرجہ ذیل کی دینا مفید ہے۔

Rx.

نسخہ

Ammonii chloridi ℈i — ایک سکروپل — کلورائیڈ آف امونیم

Tr. opii m v — ۵ قطرے — ٹنکچر آف اوپیم

Decocti cinchonae ad f ℥i M. — ڈیکاکشن آف سنکونا اتنا کہ سب ملا کر ایک اونس ہو جائے

For one dose. — سب کو ملا لیں یہ ایک خوراک ہے۔

J. H. Tanner M. D. — ڈاکٹر ٹینر صاحب

Rx.

نسخہ

Acidi hydrocyanici dil. m xv — ۱۵ قطرے — ڈائیلیوٹ ہائیڈروسیانک ایسڈ

Spt. chloroformi f ʒiii — ۳ ڈرام — اسپرٹ آف کلوروفارم

Aquae bullientis f ℥viii — ۸ اونس — پانی جوش دیا ہوا جس سے بخار اٹھتا ہو

For inhalation. M. — سب کو ملا کر تھوڑا تھوڑا انہلیشن کریں۔

ڈاکٹر ویلڈن برگ صاحب Dr. Waldenberg فرماتے

ہیں کہ اگر ہوا کی نالی بذریعہ سپرے اور انہیلیشن کرائیں یا بخارات دیں تو ان کے لئے نسخہ مندرجہ ذیل

بہترین ہیں ؂

نسخہ

Rx.

Sodii chloride gr x — دس گرین — کلورائیڈ آف سوڈیم چار رتے

Aq. destil. f ℥ 1 — ایک اونس — آب مقطر

For inhalation. m. — بذریعہ سپرے انہیلیشن کرائیں ؂

نسخہ

Rx.

Tr. benzoini comp. f ʒ i — ایک ڈرام — ٹنکچر بینزوائن کمپاؤنڈ

Aq. bullientis f ℥ x — ۱۰ اونس — ابلتا ہوا پانی

For inhalation. m. — اس کا ابلتا ہوا بخار لیں ؂

نسخہ

Rx.

Tr. iodinii m xl — ۴۰ قطرے — ٹنکچر آف آیوڈین

Aq. bullientis f ℥ x — ۱۰ اونس — ابلتا ہوا پانی

For inhalation. m. — دونوں کو ملا کر کئی بار انہیلیشن کرائیں ؂

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf فرماتے ہیں کہ

مریض کو آرام سے ایسے مکان میں رکھیں جہاں صاف ہوا کی آمد و رفت خوب ہو اور گفتگو سے منع کر دیں

... اور یا ... آکسیجن یا ... ٹنکچر بینزوائن کمپاؤنڈ ... ملا کر ... بخارات لیں

... جب ... سخت تکلیف ہو ... انجکشن کریں ... مریض کی

طاقت قائم رکھیں ؂

Chronic Laryngitis

کرانک لیرنجائیٹس

آتشک یا سل یا کثرت شراب نوشی یا شدید سوزش کے بعد حنجرہ میں مزمن سوزش ہو جاتی
ہے جس میں کان کی سی آواز سے نکلتی ہے یا بالکل بند ہو جاتی ہے۔ حنجرہ میں درد اور خشکی
کھانسی ہوتی ہے۔ ابتدا میں بلغم کم نکلتا ہے مگر جب زخم ہو جاتا ہے تو خون ملی ہوئی بدبودار پیپ نکلتی ہے
آخرالامر تنفس بند ہونے سے مریض مر جاتا ہے۔

مزمن سوزش حنجرہ کی کئی قسم ہیں۔ اول فالیکولر یا گلینڈیولر لیرنجائٹس۔
دوم اٹروفیا کیٹر فارم ہے جس میں سوزش شدید بھی کہتے ہیں جو اکثر زرد سے ملا کر بو والی
مشابہ واسطہ یا گانٹھ وائکو ہو جاتا ہے۔
سوم ٹیوبرکیولر لیرنجائٹس جو ٹیوبرکل مواد جمنے سے اکثر ایپی گلاٹس فرج والو کو ہوتا ہے اور
جس میں زخم ہوتے ہیں اور کھانسی کی سی آواز گلے سے نکلتی ہے جس کا سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔
چہارم سفلیٹک لیرنجائٹس جو آتشک کے سبب سے ہوتا ہے اور اس میں بھی گلے کے اندر السر ہوتے ہیں
اور گلے سے سیٹی کی سی آواز نکلتی ہے۔

علاج

ڈاکٹر جارج مر صاحب۔ George M. Charters فرماتے ہیں
کہ ٹنکچر آئیوڈین گلیسرین یا کلورائیڈ آف زنک یا نائٹریٹ آف سلور ملائیں اور روزمرہ حنجرہ پر
ہفتہ تک گلے پر لگائیں۔ اور بعد ایک ہفتہ کے ہر دوسرے روز لگائیں جب رطوبت زیادہ
خارج ہونے لگے تو ٹرپنٹائن یا کریوزوٹ کا انہیلیشن کرائیں۔ اور حنجرہ کے خراش میں

کی انفلیمیشن سے تسکین ہوتی ہے۔ نسخہ مندرجہ ذیل کا انہیلیشن کرنا بھی بہتر ہے۔

نسخہ انہیلیشن

Rx.

Acidi carbolici ℥j–ʒ[illegible] ایک اونس تا ۳ ڈرام — کاربولک ایسڈ

Aquae, f. ℥vij ۷ اونس — پانی

For inhalation. m. اس میں سے ایک ٹی اسپون فل ایک ۱۵۰ درجہ کے ایک پائنٹ گرم پانی میں ملا کر انہیلیشن کرائیں

سوزشی سطح پر لگانے کے لئے یہ نسخہ بہتر ہے۔

نسخہ

Rx.

Acidi tannici ℥ss نصف اونس — ٹانک ایسڈ

Glycerinae ℥iv ۴ اونس — گلیسرین

For local application. m. دونوں کو ملا کر سوزشی سطح پر لگائیں۔

اگر انفلیمیشن زیادہ ہو تو ایک ڈرام سہاگہ دو اونس گلیسرین میں ملا کر لگائیں۔

ڈاکٹر گارنر صاحب Dr. J. H. Garner Canada فرماتے ہیں

ٹیبر کیولوسس لیرنجائٹس میں یہ غرارہ مفید ہے۔

نسخہ غرارہ

Rx.

Tr. guaiaci ammon. ۳ ڈرام — ٹنکچر آف گوائیکم

Liq. potassae ʒiii ۳ ڈرام — سولیوشن آف پوٹاش

Tr. opii f. ʒii ۲ ڈرام — لاڈنم

Aq. cinnamomi ad f. ℥viii m. — سنیمن واٹر اتنا ملائیں کہ آٹھ اونس ہو جاوے

پیہ ایک بار غرارہ کرونکی مقدار ہے ایسا گھنٹہ

گھنٹہ بعد کریں ۔

نقور سیض سے جو ان صورتوں کا گلا بیٹھ جاوے یا ورم ہو جاوے تو غرارہ مندرجہ بالا کا دینا مفید
ہوتا ہے صرف امونی ایسڈ ٹنکچر آف گم وغیرہ کے گرگرا سے اور حلقوم سینہ
نرم کس پر بخارات ذرا سی وپیا سکا ہو جاتا ہے جو کہ منہ سے جاتا رہتا ہے
مرض میں فائدہ ہو جاتا ہے ۔

ڈاکٹر ایڈم برٹ Dr. Iwanmbert Clarin صاحب فرماتے ہیں کہ
کہ چیس سوزش ورم ہیں دردا ونکا غرارہ کرنے سے تو کم فایدہ ہوتا ہے مگر تنباکو تمام الکحل کا شیشا
سے بہتر گرا اور نصف یا ایک حصہ کو ر ایسڈ ٹانی زنک شوٹ سے پانی میں ملا کر اسفنج بھگو کر
حلق کی دیوار پر لگانا بہتر ہے ۔

ڈاکٹر بروون صاحب Dr Browne, London فرماتے ہیں
کہ ینڈ جل ورید نکل گلا میں ورم کالنے و خراش اور کھانسی کے دور کرنے کیلئے یہ نسخہ مفید ہے

نسخہ

R.

سوریٹ آف مارفیا $\frac{1}{12}$	حصہ گرین	Morph. muria	$\frac{1}{12}$ gr
ایکاکوانا $\frac{1}{12}$	حصہ گرین	Ipecac. pulv	gr $\frac{1}{12}$
معجون	حسب ضرور	Confectionis	q. s.

مشکر ملا کر ایک گولی بنا کر منہ میں رکھیں ۔ ft. one lozenge

سنلفہ لیر خالیٹس ریپ کیا بات پارہ کا ونیا اور ٹنکچر آف سلوریک کے ملے سولیوشن سے غرارہ
نی کرنا مفید ہے ۔

کہتے ہیں کہ سلفیٹ کا پر کیوبریک ٹیر بیانکسس ہیں نائیٹریٹ آف سلور کا محلول بصورت سلیوشن کے لگیں
ہیں تیار کیا گیا ہو دو تین روز اکیبار لگانے سے بجائے زخم کے شدید سوزش ہو کر جلد آرام
ہو جاتا ہے - اور بعد استعمال کاسٹک کی کھانے کی کا غرارہ کراتے ہیں اور کبھی کوئی دافع مرض
ادویہ مثلاً روغن دار چینی یا سیاہ مرچ وغیرہ غرارہ کی دوا میں ملا دیتے ہیں ۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں
کہ زخم سے سوزش دور کرنیکے لئے [illegible] چونکہ اسکے بعد بلسٹر یا آرٹرامیٹک کا مرہم لگانا اور انگلو
کی حفاظت کرنا چاہئے اور رطوبت جذب کرنیکے واسطے آئیوڈوفارم یا بوریسیم بقدر پانچ پانچ گرین
دو تین دفعہ چھڑک دینا مناسب ہے اور لعاب دار حلقی میں عرق گرم پانی کے یا انہیں کافور یا تارپین کا
تیل ملا کر اسکے ابخرے لینے اور تیز کا سٹک لوشن [illegible] ہو یا انگلیوں کے اندر لگانا [illegible]
حالت ہو کھانسی کو سکون اور رفع کرنا اور وقت ضرورت مسکن ادویہ سے علاج کرنا مناسب ہے
مرکبات فولاد اور مقوی غذا دینا اور معدہ کا تنقیہ کرتے رہنا مناسب ہے ۔

Masturbation.

مسٹربیشن

جلق کو ڈاکٹری اصطلاح مین مسٹربیشن یا اونانیزم کہتے ہین ۔ اسکے اسباب کئی ہین ۔ قلفہ کی سوزش دماغ فائموسس سنگ مثانہ و کرم امعاد وغیرہ کے سبب سے بچون کو جلق کی عادت پڑ جاتی ہے مگر ہندوستان مین اکثر آدمی فحش خیالات اور بری صحبت کے سبب ہی اس فعل نامبارک کے مرتکب ہو کر نامردی و جریان منی و رقت و سرعت انزال و کثرت احتلام وغیرہ عوارض مین مبتلا ہو جاتے ہین ۔

علاج

ڈاکٹر جیکوبی صاحب فرماتے ہین کہ

جن وجوہات سے بچون کو جلق کی عادت پڑ جانیکا احتمال ہوتا ہے انمین سے کوئی وجہ موجود ہو تو اسکو دور کرین ۔ فائموسس ہو تو ختنہ کرا دین ۔ بالانائٹس یعنی قلفہ کی سوزش ہو تو صفائی اور لیفنات سے ۔ سنگ مثانہ و ریگ گردہ ہو تو الکلائین سے ۔ امعا مین کیڑے ہون تو قاتل کرم ادویہ سے ۔ عصبی فتور ہو تو برومائیڈ آف پوٹاسیم یا برومائیڈ آف ایمونیم یا ہیکٹ کا فورہ سے علاج کرین ۔ مثانہ مین خراش پیدا کرنیوالی چیزین نہ کھلائین ۔ نہ ٹھہرانے دین بچون کو بہت دیر تک پاخانہ مین بیٹھنے سے ممانعت کرتے رہین ۔ خیالات شہوت انگیز کو دور کرین ۔ سونیکے بعد جب آنکھ کھلے تب بستر پہ پڑے نہ رہین بلکہ فوراً اٹھ کھڑے ہون ۔ عصبی قوت پیدا ہونیکے لئے کافی مقدار مین اسٹرکنیا کا استعمال کرائین چنانچہ بیسوان حصہ گرین اسٹرکنیا کی قدر سے پانی مین ملا کر جلد کے نیچے پچکاری کرنا بہتر ہوتا ہے ۔

ڈاکٹر ونٹرنل صاحب فرماتے ہین کہ

ایک ہفتہ تک نسخہ منضج بعدہ ایک کا استعمال کرنے سے عطش ترکی کی عادت چھوٹ جاتی ہے اور جن
ہر روز لیدا آنجہانا سیم کے ساتھ عمر رفتہ خواہش جماع کم ہوتی ہے مگر طاقت جماع قائم رہتی ہے
اور وہ نسخہ یہ ہے ◆

نسخہ

تنکچر آف پلسا ٹلا ۲ ڈرام
پانی ۴ اونس
آمیزش کر کے ایک ایک پی ا چمچہ فی خوراک دن میں چار بار
دیں ◆

Milk sickness

ملک سکنس

علاج

ڈاکٹر پیٹن صاحب Dr. J. C. Patton

کو اس مرض میں یہ نسخہ نہایت مفید ہے **نسخہ** Rx.

انفیوژن آف سنا ایک پائینٹ Infus. sennae 1 Oj

سلفیٹ آف میگنیشیا ۱۲ اونس یا ۲ اونس magnesiae sulph. ℥ij

اس میں سے ایک یا دو اونس ہر ایک ہو گھنٹے کے بعد one to two ounces

دیں تاکہ جب تک دست نہ آویں بعد دستوں کے to be taken at first

ایک ایک یا دو دو اونس دیتے رہیں۔

علاوہ نسخہ مذکور بالا کے سرد پانی کی بڑی بڑی پچکاریاں مقعد میں دینا زیادہ مقدار میں [illegible]

ملا کر جو کا پانی کا استعمال کرانا بھی مناسب ہے۔

ڈاکٹر فلپس صاحب Dr. W. H. Phillips وظیفہ [illegible]

مریض کو آرام سے اور اس کی طاقت کو قائم رکھنا ضروری ہے سولہ حصہ گرین سلفیٹ آف

میگنیشیا چار چار گھنٹے بعد اسی ضرورت پر اور دستوں کی ٹنکچر مثلاً سایٹریٹ آف میگنیشیا پانی کے

ساتھ دینا مفید ہے۔ اس دوا سے معدہ و امعا کے عضلاتی پردوں کو مدد ملتی ہے وہ ان کو

جذب ہوتی ہے۔ جی متلاتا۔ پیاس کم ہو جاتی ہے۔

بائی کاربونیٹ آف پوٹاش بھی اس مرض میں مفید ہے جس سے پیشاب زیادہ خارج ہوتا ہے۔

Nephralgia

نفرالجیا

اسکو انگریزی میں نفرالجیا یا انٹرل آکنہ یا رینل کالک اور عربی میں رجع الکلیہ کہتے ہیں ۔ یہ ایک
علامت گراول یا کیلکلائی یعنی ڈایا تھیسس کی ہے کیونکہ جب گردے میں سنگریزہ پیدا ہو کر
یوریٹر کی راہ سے گذرتے ہیں اُس وقت نہایت شدید درد نالی کے مقام پر ہوتا ہے جسکا اثر فوطوں
و حشفہ تا سلیع میں ران تک پہنچتا ہے اور پیشاب کی حاجت بار بار و غثیان و قے ہوتی ہے مگر کبھی
سردی یا چوٹیا ۔ درد پیدا بسٹر لگانے سے بھی نفرالجیا ہو جاتا ہے ۔

جب یوریٹر سے سنگریزہ ہائے مذکور گذرنے کے باعث سے یہ مرض ہوتا ہے تو جب وقت وہ مثانہ میں
پہنچ جاتے ہیں فوراً سب تکلیفیں رفع ہو جاتی ہیں مگر کبھی کبھی وہ سے ریزے یوریٹر نالی
میں پھنس جاتے ہیں تو مقام ہائے گردہ و پیشاب مجتمع ہونے سے خراب نتیجے لاحق ہوتے ہیں ۔

علاج

ڈاکٹر گارڈنر صاحب Dr. Gardener فرماتے ہیں
کہ گرم غسل دیکر گردوں پر مسٹرڈ پلاسٹر لگائیں اور ایک تیز مسہل دینے کے بعد اس نسخہ کا
استعمال کریں کہ پاخانہ صاف ہوتا رہے ۔

Rx. نسخہ

Calcined magnesiae gr. XV	۱۵ گرین	کیلسائینڈ آف میگنیشیا
Carb. of soda gr. XV	۱۵ گرین	کاربونیٹ آف سوڈا
This three daily	یہ ایک مقدار ہوئی ایسی دیجئے تین بار دیں ۔	

ڈاکٹر نیفیر صاحب Dr Nafhey فرماتے ہیں

اس مرض میں ڈاربومائسیس - الکلائین سائٹریٹس - الکلائین ٹارٹریٹس - پوٹاس کے نٹ - پارہ کے مرکب جو معدہ کا فایدہ کرتے ہیں - نمکین مسہلات مفید ہیں - اور زیادہ شدت میں افیون کا حقنہ کرنا یا مارفیا کی پچکاری زیر جلد لگانا اور … گرین ایپیکاکوانا … بھی مفید ہوتا ہے

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr Johnston - فرماتے ہیں کہ گرم پانی میں کمر تک بیٹھانا دو تین گرین افیون کھلانا اور پانی میں ملا کر اسکا حقنہ کرنا اس مرض میں مفید ہے ٭

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں کہ دو تین گرین افیون کھلانا - قے کی شدت ہو تو ایک ڈرام ٹنکچر آف اوپیم پانی میں ملا کر اسکا حقنہ کرنا - گرم پانی میں کمر تک بیٹھانا - کلوروفارم سنگھانا - روغن بید انجیر اور مدر ادویہ کا دینا مفید ہے

ڈاکٹر رحیم خانصاحب Dr Rahim Khan فرماتے ہیں کہ مریض کو گرم پانی میں بیٹھانا - کمر اور پیٹ پر ٹرپنٹائن کی فومنٹ کرنا - قبض ہو تو روغن بید انجیر پلانا - نسخہ مندرجہ ذیل دینا - درد کی شدت دور کرنے کو کلوروفارم سنگھانا بعد رفع ہونے تکلیف کے اصل مرض کا علاج کرنا مناسب ہے ٭

Rx
نسخہ

Laudanum f m xxx	تیس قطرے	لاڈنم
Sulph. ether f m xxx	تیس قطرے	سلفیورک ایتھر
Aquae f ℥ ii	دو اونس	پانی
M. This for a dose -		سب کو ملا کر ایکدم سے پلا دیں ٭

Nephrytes

نفرائٹس

گردہ کی سوزش کو نفرائٹس یا ڈسیز کو اسیٹو نفرائٹس یا اکیوٹ سپوریٹو نفرائٹس کہتے ہیں
اس مرض میں شمول نفرالجیا کے نشان ورشے کمر پر گرانی اور ایسا درد ہوتا ہے کہ جسکا اثر جوڑ شانہ
جنبیٹیوں میں ران تک معلوم ہوتا ہے مگر نفرالجیا کے برخلاف اس مرض میں درد کے مقام پر دبانے
یا کھانسنے یا چھینکنے سے درد کی زیادتی ہوتی ہے اور بخار کی علامتیں پائی جاتی ہیں اور
ابتداء مرض میں خون آمیز پیشاب آتا ہے جسکو شناخت کرنے سے البیومن پایا جاتا ہے - اور
جب صحت نہو اور گردہ میں پیپ پڑ جائے تو ناپژہ کی راہ سے پیپ خارج ہوتی ہے - کبھی پلو کمر
یا کمر یا بن ران چھا بھی دبل پھوٹ جاتا ہے اور پیپ پڑنے کے وقت ہیکٹک فیور کی علامات نمایاں
ہوتی ہیں ۔

علاج

ڈاکٹر لومس صاحب A. L. Loomis M. D. فرماتے ہیں
کہ بحالت اکیوٹ نفرائٹس مریض کو ایسے مکان میں رکھیں جسکی حرارت یکساں رہتی ہو -
کمر پر گرم پھٹالی یا ہری سینگیاں لگائیں - ایک یا دو تیز مسہل دیں - پسینے لانے والی ادویات کا استعمال
اور حرکات سے پرہیز کرائیں ۔
اگر پیشاب نکلنے میں کمی دل کی کسی بیماری کے ساتھ ہو تو ڈجیٹیلس کا دینا مفید ہے ۔
ڈاکٹر فلنٹ صاحب Dr. Flint, New York فرماتے ہیں
کہ گردہ کی نالیوں کی شدید سوزش میں پانی یا دودھ اور پانی ملا کر ایک ایک چمچہ یا ایک ایک

اسہون کی مقدار یہی کمی کمی سے بعد اتنا پلا دین کہ ایک گھنٹہ مین کل چار اونس سے چھ اونس
تک ہو جاوے اور معدہ ہضم کر سکے تو اس سے زیادہ بھی کام دیتے ہین ؛

ڈاکٹر ڈکنسن صاحب Dr. Dickenson فرماتے ہین

کہ ایک ڈرام سے چار ڈرام تک انفیوزن آف ڈیجی ٹیلس بہت سے پانی مین ملا کر دن مین تین بار
دینے سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ گردہ کی نالیان صاف ہو جاتی ہین استسقا کم اور مریض کو
آرام ہو جاتا ہے ؛

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston فرماتے ہین کہ

سوزش شدید اور مریض قوی ہو تو فصد لین ورنہ دس بارہ جونکین لگائین۔ گرم غسل کرائین۔
چار اونس پانی کو گرم پانی مین دو اونس روغن بید انجیر ملا کر حقنہ کرین۔ اور یہ پلائیے ؛

نسخہ

℞

Senna ʒ j	ایک ڈرام	سنا
Coriander fruit ʒ j	ایک ڈرام	کوری انڈر فروٹ
Tamarind ℥ j	ایک اونس	ٹیمرنڈس
Spirit f ʒ iii	۳ ڈرام	اسپرٹ
Hot water f ℥ viii	۸ اونس	ہاٹ واٹر

Dose - Two ounces -

ادویات کو تین چار گھنٹے پانی مین بھگو کر
چھان کر اسپرٹ ملا دین۔ مقدار خوراک دو اونس ؛

حقنے کے بعد گرم کپڑون سے ڈھانک کر پسینہ آنے دین اور بعد ازان ایک گرین کیلومل نصف گرین
افیون ملا کر تین حصے بنا لیوے ہر ایک کے ساتھ تھوڑا سا ... پلا دین ... آرام

معلوم ہو گردوں پر سرد پلاسٹر لگانا چاہیئے ۔

ڈاکٹر میر امانت علی صاحب Dr. Mir Amanat Ali

فرماتے ہیں کہ گردہ پر آب گرم ٹکور کرنا ۔ بار بار گرم پانی پی کر تسلی بٹھانا اور گرم ہوا گرم
کے اثرات کا بیاری دینا ۔ نمکی سلاتوں سے احتیاط کرنا ۔ پسینہ لانیکے لئے ڈوور پوڈر
دینا ۔ مریض کو آرام سے لٹائے رکھنا ۔ ہلکی غذا کھلانا ۔ والشیر یا اسپغول کا پانی بہت پلانا
... پر سرد پلاسٹر لگانا ۔ پیپ پڑنے کی علامات نمایاں ہوں تو ...
... دینا ۔ مرض مزمن ہو جائے تو کمر پر سیٹون لگانا ۔ بد ہضمی ہو تو جلاب وغیرہ
دینا ۔ پیشاب بند ہو جائے تو کیتھیٹر سے نکالنا ۔ مثانہ پر گرم پلستر لگانے سے ہمیشہ پرہیز
کرنا چاہیئے ۔

Pneumonia.

نمونیا

پھیپھڑہ کی سوزش کو ڈاکٹری مین نمونیا کہا جاتا ہین ذات الریہ کہتے ہین یہہ بہی دو طرح کا ہوتا ہے ایک شدید دوسرا مزمن ✦

شدید مین لرزہ کے بعد تیز بخار ہوکر سینہ پر گرمی و جلن و درد۔ چہرہ و چشم سرخ۔ سر مین درد نبض مین تیزی و تندی اور تشنگی و ضعف ہوتا ہو۔ بہوک نہین لگتی۔ اگر ذات الجنب بہی اسکے ساتھہ ہو تو درد سینہ کی اور بہی زیادتی ہوتی ہے۔ شروع مین کہانسی اور بلغم سفید یا نکلتا ہے مگر ایک دو روز بعد کہانسی زیادہ ہو جاتی ہے اور بلغم لسدار مثل لوہے کے زنگ کی مانند لگتا ہے۔ تیسرے چوتہے روز یا دو ہفتہ کے اندر مرض کم ہوتا جاتا ہے یا تنفس مین تیزی کہانسی مین زیادتی۔ بلغم مین خون یا پیپ۔ نقاہت کی شدت۔ نبض مین ضعف و سرعت زبان پر خشکی و میلا پن۔ جسم پر عارضی ورم و بیہوشی وغیرہ ہو جاتی ہے۔ آخر الامر تنفس مین دقت و چہرہ پر سیاہی و کل جسم پسینہ سے تر ہوکر اور دم رک کر مریض مر جاتا ہے ✦

اگر بدن کی گرمی اور درجے پیمانہ حرارت ایکسو چار نمبر سے اور نبض ایک منٹ کے اندر ایکسو بیس سے اور تنفس چالیس سے زیادہ نہو تو آرام ہو سکتا ہے ✦

اگر شدید سوزش کے بعد یا شروع سے رفتہ رفتہ یہہ مرض مزمن ہوگیا ہے تو پہیپہڑہ مین پیپ نہین پڑتی بلکہ سخت رطوبت جمع ہونے کے سبب دقت تنفس و گرانی سینہ و خفیف بخار ہوتا ہے اور کہانسی کے ساتھہ سفید بلغم نکلتا ہو ✦

علاج

ڈاکٹر منیر صاحب Dr. Muneer فرماتے ہین کہ

چونکہ بعض وقت قولنج میں خود بخود بھی آرام ہو جاتا ہے جو ذریعہ اسہال پیدا کرنے میں نکالی گئی ہیں کہ حقیقت علاج سے فائدہ ہو جاتا اگرچہ چنانچہ وہ یہ ہیں کہ مریض جوان و طاقتور ہو اور نبض کی اچھی ہو اور ابتدا صحیح ہو تو خون لینا عمدہ اور بڑا علاج ہے * مگر اس مرض میں کمزوری کے سبب مریض مرتا ہے جا سو چ سے بالعوض فصد کے سینہ پر سینگیاں لگانا اور سینکنا رگڑ وس دینا بہتر ہے *

ٹنکچر ایکسٹرا کٹ آف ارگٹ بمقدار نصف نصف ڈرام دو دو گھنٹہ بعد دینے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے *

چند ڈاکٹروں کا قول ہے کہ ابتدا مرض میں ٹنکچر آف اکونائٹ کے ایک ایک یا دو دو قطرے نصف نصف گھنٹہ بعد چار خوراک دیکر پھر کم مقدار میں دیر دیر بعد دینا بہتر ہے مگر جب پھیپھڑے ٹھوس ہو جائیں تو کچھ فائدہ نہیں ہوتا *

مرض کے ہی میں ابتدا میں یعنی پہلے ہی دن جوان آدمی کو تین گرین سے چالیس گرین تک کونین کی دو یا تین خوراک دینے سے بہت تخفیف ہو جاتی ہے چنانچہ چند مریضوں میں اس دوا سے بہت فائدہ کیا گیا ہے *

بقول ڈاکٹر ٹلپ صاحب پہلے درجہ میں ٹنکچر آف بلاڈونا بمقدار پندرہ قطرے ایک ایک یا دو دو گھنٹہ سبب تک آنکھ کے پتلے پر اسکا اثر ظاہر ہو جائے اور گرم پانی کے بخارے سینکائے جائیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے *

Dr. Palmer

ڈاکٹر پامر صاحب فرماتے ہیں

کہ بہت مریضوں کے تجربہ سے یہ ثابت ہوا ہے کہ مرض شروع ہونے سے دو تین گھنٹہ بعد ہی کونین

* ہندوستانیوں کو خون لینا اکثر نا مناسب ہے *

اور نیز پوری مقدار مین دین تاکہ اسکا عمدہ اثر ظاہر ہو کر چند گھنٹون تک بیگا اور [illegible]
مذکورہ کی کمی ہو کر دستون مین قے مرض کی تقدار بڑھ گئی ہے ؂

مرض کو ہوئے چوبیس گھنٹے بعد مریض زیر علاج آئے تو یہ نسخہ دیا جاوے ؂

℞

نسخہ

Morphia sulph. gr. ⅙ — سلفیٹ آف مارفیا چوتھائی یا تہائی گرین

Quinine sulph. gr. x — سلفیٹ آف کونین چھ سے دس گرین

For one dose — دونون کو ملا کر دیدیا یہ ایک خوراک ہے ؂

نسخہ مذکور کی ایک خوراک دینے سے خوب پسینہ آجاتا ہے اسکے بعد انشاء اللہ مریض کو تین دو دو [illegible]
تین گھنٹے بعد جب تک [illegible] مریض [illegible] یا ایک ڈرام کونین دیا جائے اور اگر کانون میں آواز
آنے لگے تو اسکا کچھ خیال نہ کرین کیونکہ وہ جلد رفع ہو جانے والی علامت ہے ؂

اگر ابتداء مرض سے بہت [illegible] بعد علاج شروع ہو تو نسخہ مذکورہ بالا مین مارفیا نہ ملائین
بلکہ کونین [illegible] کے بعد [illegible] ؂

ڈاکٹر سلور تھارن صاحب Dr. Silverthorn [illegible]

بیس گرین کی مقدار مین [illegible] دو دو گھنٹہ بعد دین چار یا پانچ خوراک کے بعد جب خوب
پسینہ آنے اور [illegible] ہونے لگے تب اسکا دینا بند کر دین ؂

ڈاکٹر ڈیوس صاحب Dr. M. Davies [illegible]

ابتداء مرض مین یعنی ایک دو روز کے اندر [illegible] مریض کا خون [illegible]
[illegible] کھلائین ؂ [illegible]

؂ خون نکالنے کی بابت دیکھو صفحہ [illegible]

[illegible] دوائیں دیکر خراش و درد کو منع کریں ۔

اگر ایسا بیمار ہو جیسا کہ اکثر شہری مریضوں کی ہوتی ہے تو فصد نہ کھولیں اگر ابتدائی دو تین روز ہیں تو یہ نسخے دیں ۔

نسخہ نمبر اول

Rx.

کلورائیڈ آف امونیم و دیا	تین ڈرام	Ammoniae muriatis ʒiii
ٹارٹر ایمٹک	۲ گرین	Antim. et Pot. tartratis gr. ii
سلفیٹ آف مارفیا	۳ گرین	Morph. sulph. gr. iii
سیرپ آف لکرس	۴ اونس	Syr. glycyrrhizae f℥iv

سب کو ملا کر ایک ایک چائے کا چمچہ چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔
A teaspoonful every four hours

نسخہ نمبر دوم

Rx.

کیلومل	۶ گرین	Hydrarg. chloride mite
اپیکاکوانا پوڈر	۶ گرین	Ipecac. pulv. gr. vi
اوپیم پوڈر	۳ گرین	Opii pulv. gr. iii
شوگر	۳۰ گرین	Sacchari albi gr. xxx

سب کو ملا کر چھ پڑیاں بنائیں اور ایک ایک پڑیہ چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔
For six powders No. vi. one every four hours.

ہر دو نسخہ مذکورہ بالا کی دینے کی یہ ترکیب ہے کہ پہلے نسخہ نمبر اول اور چار گھنٹہ بعد نسخہ نمبر دوم دیں اور اسی طرح چوبیس گھنٹہ تک دونوں نسخے دیتے رہیں بعد [illegible] کو [illegible]

نمبر اوّل کو کئی دن تک جاری رکھیں اور پاخانہ نہ ہوا ہو تو ایک ہلکی لیمن دوا کھلا دیں ۔

اگر اس ترکیب سے پاؤں تلے درد [illegible] آرام معلوم نہ ہو تو پیٹ سے چھاتی پر [illegible]
پر حسب عادت لگائیں اور نبض [illegible] متواتر ہو ۔ مریض پسینے سے [illegible] ۔ ہر [illegible]
کے ہو جائیں تو دوا مندرجہ بالا کے درمیان اس نسخہ کا دینا بہتر ہے ۔

Rx
نسخہ

Quiniae sulph. gr. ii	۲ گرین	سلفیٹ آف کونین
Ammoniae carb. gr. iv. m.	۴ گرین	کاربونیٹ آف امونیا
For one dose —		یہ ایک خوراک ہے ۔

اگر تشنج یا غنودگی ہو تو نسخہ نمبر اوّل میں بحساب فی خوراک دس قطرے کلوروفارم [illegible]
اری کا بخار ہو تو کونین کا دینا بہتر ہے ۔

Dr. Waters — ڈاکٹر واٹرس صاحب [illegible] فرماتے ہیں
کہ اوّل درجہ میں غذا [illegible] مثلاً یخنی و دودھ وغیرہ اور ایسی جو کہ دوا [illegible]
ہوا اور [illegible] پیٹ کے [illegible] ۔ اور رائی کا پلاستر اور اس کے بعد [illegible] استعمال کرنے اور
نسخہ مندرجہ ذیل کے دینے سے جو اکثر مریضوں کو [illegible] فائدہ ہوا ۔

Rx
نسخہ

Ammonii carb. gr. iv	۴ گرین	کاربونیٹ آف امونیا
Spt. chloroformi m. xxx	۳۰ قطرے	اسپرٹ آف کلوروفارم
Aq. camph. f ℥ x	۱۰ ڈرام	کیمفر واٹر
To be given every three hours.		[illegible] ہر تین گھنٹہ [illegible]

چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔

یہ بات بھی تجربہ سے ثابت ہوئی ہے کہ نبض سو درجہ پر ہو تو مرض شدید نہیں ہے صرف سادے علاج سے فائدہ ہو جاویگا اور اگر نبض ایک سو دس یا ایک سو بیس سے زیادہ ہو تو ایک مرض [illegible] جسقدر نبض کی ضربیں زیادہ ہوں اسیقدر ہمکو دینے کی زیادہ ضرورت پڑتی ہے اور جب ہو دو ہیں تو بلا کسی خیال کے مرکبات دوا دیدینا مناسب ہے ۔

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr. Johnston - فرماتے ہیں کہ پہلے درجہ میں اگر مریض قوی ہو تو فصد سے خون لیسکتے ہیں مگر اکثر بجائے اسکے جونکیں لگانا اور اسکے بعد پولٹس باندھنا اور تین گرین جلاپا اور پانچ گرین کیلومل ملا کر دینا بہتر ہے مسہل کے بعد تین گرین کیلومل ایک گرین افیون ایک گرین اپیکاکوانا و دیگر نسخہ ذیل [illegible] دینا

نسخہ

Rx.

Calomel gr. j	ایک گرین	کیلومل
Dover's powder gr. iii	۳ گرین	ڈوورس پوڈر
Madar powder gr. iii	۳ گرین	مدار کا سفوف
Ext. hyoscyamus	ایک گرین	ایکسٹرکٹ آف ہائیوسائمس

This for a dose. - gr. j یہ ایک خوراک ہے ایسی دو دو گھنٹہ بعد دیں

جب کہ [illegible] معلوم ہو تب سینہ پر مقام [illegible] سے ذرا نیچے [illegible] دوا لگائیں اور جب آرام ہونے لگے تب یہ نسخہ دیں ۔

Rx.

نسخہ

Ammonia carbonate gr. iv	۴ گرین	امونیا کاربونیٹ
Ipecacuanha powder gr. iii	۳ گرین	اپیکاکوانا پوڈر

اکسٹرکٹ آف ارساہس ایک گرین — Ext. hyoscyamus

یہ ایک گولی کی مقدار ہے ایسی تین گولیان — make one pill gr j. — three daily

دنمین تین بار دین ۔

دوسرے درجہ مین سینہ پر تارپین کے تیل کی مالش کرنا اور السی کا پلٹس گرم گرم باندھنا ۔
اور کیلومل وغیرہ کا مذکورہ بالا نسخہ دینا - اور ضرورت ہو تو شروع سے ہی محرک دوائین دینا ۔
خصوصاً کاربونیٹ آف امونیا عرق [illegible] کے ساتھ بطور جرعہ جوشاندہ کے پلانا اور مقوی غذا اشل
بکری یا مرغ کا شوربہ کھلانا مناسب ہے ۔

تیسرے درجہ مین مقوی غذا و محرک دوا دینا اور تارپین کا انجکشن لوانا [illegible]
کے علاج کرنا چاہیے ۔

جب بیماری [illegible] ہو جائے تو تارپین کا انجکشن لوانا اور یہ نسخہ دینا بہتر ہے ۔

نسخہ

Rx.

Quinine gr ii	۲ گرین	کونین
dilute nitro-muriatic acid ℥x	۵ قطرے	ڈائلیوٹ نائٹرو میوریٹک ایسڈ
Infusion chiretta ℥i	ایک اونس	انفیوژن آف چرائتہ

سب کو ملا کر ایک خوراک کرین اور ایسی تین خوراک — This thrice daily 3.7.M
دنمین تین بار دین ۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب — Dr Mir Ashraf Ali — فرماتے
ہین کہ ابتداء مرض مین اگر کیسٹر آئل دینا اور آرام سے ایسے کمرہ مین لٹائے رکھنا جو کہ [illegible]
[illegible] ہو - اور سلوشن آف اسیٹیٹ آف امونیا بقدر ایک ڈرام [illegible] پانی مین

مالش دو وقتیں گھنٹہ بعد دینا اور درد کی زیادتی میں نسخہ مذکور کے ساتھ افیون ملانا کہ سانس
و نفس کی تحریک رفع کرنیکو کلوروفارم سنگھانا - درد کی جگہ السی کا پلٹس لگانا یا پوست خشخاش
والا دھوئیں دار پانی سے سینکنا - رقیق غذا کھلانا آب شوربا پلانا مناسب ہے ٭

جب ضعف ہو جاوے تو شوربا یا دو چار رتی شراب وغیرہ دینا اور بعد کم ہونے مرض کے بدن کا
اوڑھا رکھنا اور ... کا استعمال کرنا کھانسی میں بلغم نکلنے لگے تو کلورات آف پوٹاس کا
دینا بہتر ہے ٭

مرض مزمن ہو جاوے تو چند بار لوبت کیواسطے یہ نسخہ بہتر ہے ٭

Rx

نسخہ

آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم دوسے تین گرین — Iodide of Potassium — Gr iii
انفیوژن سانیجا یا پانی ایک اونس — Infusa senega — quilla 5. ℥i M.
ان دونوں کو ملا کر ایکبار ایسا ڈوز تین بار دین ٭ Thus thrice daily.

دائمی مرض کی حالت میں بہتر ہے کہ تبدیل آب و ہوا سے فائدہ ہو اور بعد غذا کے ساتھ ... کرنا
مفید ہے ٭

Neuralgia

نیورالجیا

عصبی درد کو نیورالجیا کہتے ہیں یا عصبی چمک بھی کہتے ہیں یا ٹیس ہوتی ہیں جس میں سوزش یا درد کے ساتھ سرخی
و گرمی و شریانی تڑپ نہیں ہوتی اور درد خاص کر کسی عصب اور اسکی شاخوں میں باری سے کچھ دنوں
یا مہینوں کے بعد تیز اور ٹھہر ٹھہر کر ہوتا ہے اور ہر نوبت یعنی ایک چمک سے دوسری چمک کا وقفہ تین لمحہ سے
زیادہ نہیں ہوتا اور اکثر شب کو اسکی زیادتی ہوتی ہے۔ گہرے اعصاب میں نہیں زیادہ تر
سطحی میں جا ہوتا ہے اور جب کسی خاص حواس کے اعصاب میں ہوتا ہے تو اس عضو کے سارے افعال
ہوتی ہیں مثلاً آنکھ کے عصب میں ہونے سے بہت آنسو نکلتے ہیں ناک میں ہونے سے گری زکام وغیرہ
ہوتی ہے۔ دانت میں ہونے سے شدید درد اور رال ٹپکتی ہے؛

زیادہ دن تک کسی رطوبت کے کثرت خارج ہونے یا بہت سا خون نکل جانے یا بہت دن تک دودھ پلانے
یا بعض سخت امراض سے صحت حاصل ہونے کے بعد یا جہاں خیرہ کی زیادتی ہو وہاں رہنے سے
کمزوری یا کسی عضو کی بیماری کی شرکت سے۔ یا عصب کے جڑ کی دباؤ یا اسکے خراش یا ضرب وغیرہ
سے اس قسم کا عصبی درد ہو جاتا ہے مگر ہر مقام کے عصبی درد کو طبی اصطلاح میں علیحدہ نام
رکھتے ہیں مثلاً جب دماغ کے پانچویں جوڑے کے عصب میں ہو تو ٹک ڈلورو کہتے اگر عصب میں ہو تو
ہیمی کرینیا۔ پسلیوں کے درمیانی اعصاب میں ہو تو انٹرکاسٹل نیورالجیا۔ معدہ کے اعصاب میں
تشنجی درد ہو تو گیسٹروڈینیا۔ دل کے اعصاب میں ہو تو کارڈیالجیا۔ عورتوں کی پستان
کے عصب میں ہو تو مسٹوڈینیا۔ پاؤں کے سیاٹک نامی عصب میں ہو تو سیاٹیکا۔
وغیرہ کہتے ہیں؛

علاج

ڈاکٹر انسٹی صاحب F. E. Anstie M. D. نے جو دو قسم میں
کرا اسکا علاج تین قسموں پر منقسم ہو سکتا ہے - ایک کا تعلق صحت عامہ یعنی طبیعت کی
اصلاح کا کرنا - دوسرے نارکوٹک و اسٹمولنٹ دواؤں سے علاج کرنا - تیسرے مقامی
بیرونی دوا دینا انکا نام ۔

قسم اول غذا قوت بخش چیزوں کی ضرورت ہو تو کاڈ لیور آئل دودھ گوشت جو چیزیں کہ مقوی
وغیرہ دیں - اگر غشیا ہو تو مرکبات فولاد خصوصاً آئرن کاربونیٹ کا دینا بجا ہے - ملیریا ہو تو
اور بمقدار قلیل تن یا عرق جس میں ہو خصوصاً جب پانچویں جوڑ سے عصب کی شاخ مبتلا
مبتلا مرض ہو تو سلفیٹ آف کونین کا دینا مفید ہے اور آرسنک اس میں بھی زیادہ فائدہ کرتا ہے
اور بعض کو زنک بھی موافق آتا ہے - لیکن کوئی سمیت ہو تو جس دوا سے وہ سمیت دور ہو وہی
اسکا دینا مناسب ہے مثلاً سفلسک نیورالجیا میں آیوڈائڈ آف پوٹاسیم و مرکیوری گوئی نیورالجیا
میں کولچیکم اور روماٹک نیورالجیا میں آیوڈائڈ آف پوٹاسیم مفید ہے ۔

قسم دوم سب سے بہتر چھٹے حصہ گرین مارفیا کی اور دو درم پچ پچھوین حصہ تیسوین حصہ
گرین ایٹروپیا کی کیپ لیتوینس ہائپوڈرمک - پھر کلوروفارم کے بعض حصہ میں چھٹے حصہ گرین سے
نصف گرین تک اکسٹراکٹ آف بلاڈونا کا دینا مفید ہے - بعض نیورالجیا خصوصاً میگرین و
طبعی ہسٹیریکس میں جو تنا کی گرین سے نصف گرین تک انڈین ہیمپ کی گولی ہر شب کو کھلا
نا بھی مفید ہے - اکثر کاسٹک نیورالجیا و ہسٹیرک نیورالجیا و میگرین و کلوروسس میں دس گرین سے
بیس گرین تک نوشادر دینے سے فائدہ ہوتا ہے - اسغار انڈرون کی شدید درد و نعیمہ ...

عصبی درد مین سلفیور کا میٹریسے زیادہ مفید ہی۔ عرق النسا مین ٹائیڈ یکا بیل بہتر ہے۔
اکثر درد رفع کرنے کو کھانے کے وقت اکسل پینے کو مفید جانتے ہین ۔
قسم سوم تیلنی مکھی کا بلسٹر لگانا تو بہت ہی مفید ہو گر اُسی کا بلسٹر لگا کر خیال رہم
یا مالش کا تیل خاص کر ایسا جسکے سات حصہ تیل مین ایک حصہ کلوروفارم ملا ہو ملنے یا بجلی کے لگانے
سے بھی فایدہ ہو جاتا ہے ۔
ڈاکٹر بروں سیکرو صاحب Dr. Brown-Sequard فرماتے ہین
کہ کھانے کے لئے یہ نسخہ مفید ہے جو ذیل مین لکھا جاتا ہے ۔

Rx

نسخہ

Ext. belladonnae gr. $\frac{1}{6}$	حصہ گرین $\frac{1}{6}$	اکسٹراکٹ آف بلاڈونا
Ext. stramonii gr. $\frac{1}{6}$	حصہ گرین $\frac{1}{6}$	اکسٹراکٹ آف اسٹرامونیم
Ext. cannabis indica gr. $\frac{1}{4}$	حصہ گرین $\frac{1}{4}$	اکسٹراکٹ آف انڈین ہیمپ
Ext. aconiti gr. $\frac{1}{3}$	حصہ گرین $\frac{1}{3}$	اکسٹراکٹ آف اکونائٹ
Ext. opii gr. $\frac{1}{2}$	حصہ گرین $\frac{1}{2}$	اکسٹراکٹ آف اوپیم
Ext. hyoscyami gr. $\frac{2}{3}$	حصہ گرین $\frac{2}{3}$	اکسٹراکٹ آف ہایوسایمس
Ext. conii gr. 1	ایک گرین	اکسٹراکٹ آف ہملاک
Ext. glycyrrhizae q.s.	حسب ضرور	لکریس جو ضرور

M. For one pill.

انکو ملا کر ایک گولی بنائین اور دن مین ایسی
تین یا چار بلکہ پانچ گولی دین تو بھی کچھ حرج
نہین ہے ۔

اسپر ڈاکٹر انگلش لکھتے ہیں یہ نسخہ عجیب ہے +

نسخہ پچکاری

Rx

Morph. sulph. gr ¼ — سلفیٹ آف مارفیا چوتھائی سے ⅓ گرین

Atropiae sulph. gr 1/120 — سلفیٹ آف اٹروپیا ۱/۱۲۰ گرین

Aquae m XX — ایکوا ۲۰ قطرے

For one injection M.

سب کو ملا کر ایک پچکاری جلد کے نیچے دیں +

پچکاری دینے میں ڈاکٹر جال جیتا کے قول کا خیال رکھنا چاہئے کہ عورتوں کی مقدار دوا کی

جو پچکاری کرنے کے لئے مرد کو دی جائے اس کا نصف اور عورت کو دینا چاہئے اس سے زیادہ نہ ہو +

ڈاکٹر بارتھولو Dr. Bartholow — فرماتے ہیں

کہ سوزش عصب نیورالجیا درد کا کوئی علاج نہیں رشتہ مقامی ... وغیرہ میں یہ نسخہ

ذیل کا لگانا نہایت مفید ہے بلکہ عصبی درد کو فوراً رفع کر دیتا ہے اس سے بہتر اور کوئی

دوا نہیں ہے +

نسخہ

Rx

Chloral hydratis — ہیڈریٹ آف کلورل ایک ڈرام

Camph. pulv. āā ʒi — کیمفر پوڈر ایک ڈرام

Morph. sulph. gr ii — سلفیٹ آف مارفیا ۲ گرین

Chloroformi, m xl — کلوروفارم ۴۰ قطرے

M.

For local application. — سب کو ملا کر انگلی سے درد والی جگہ پر ملیں اور لگانے کے لئے دس قطرے سے بیس قطرے تک

+ کالوڈیم بنانے کی ترکیب صفحہ ... میں لکھی گئی ہے +

سے پہلے اور سوتے وقت دیں ۔

جب نسخہ مذکورہ بالا کا اثر سو دوون اور شار نائیڈ ریچ ممبرن پر ہونے لگے اسکو بند کر کے یہ نسخہ دیں ۔

Rx

نسخہ

Potassii iodid. ʒiii	۳ ڈرام	آیوڈائیڈ آف پاسیم
Potassii bromid. ʒvi	۶ ڈرام	برومائیڈ آف پاسیم
Tinct. conii f 6. ℥j	ایک اونس	ٹنکچر آف ہملوک
Aq. menthae ℥iii	۳ اونس	پیپرمنٹ واٹر

M.

A teaspoonful — ملا لیں اور بقدار ایک ٹی اسپون فل دیں

three or four times a day. — تین چار بار دیں ۔

جب سے آٹھ ہفتہ تک علاج مندرجہ بالا کے جاری رکھنے سے مریض کمزور ہو جاوے تو تھوڑا سا سلفیٹ آف کونین ایک ایک گرین کھانے سے نصف گھنٹہ پہلے کھلائیں یا یہ گولیاں دیں ۔

Rx.

نسخہ

Ferri citratis gr ii	۲ گرین	سائٹریٹ آف آئرن
Strychnine gr $\frac{1}{30}$	$\frac{1}{30}$ حصہ گرین	سٹرکنیا

M.

For one pill — سب کی ایک گولی بنائیں اور ایسی ایک ایک گولی

Thrice daily — روزانہ تین دفعہ کھانے سے پہلے دیں ۔

سخت شدید حالت میں نسخہ ہائے مندرجہ ذیل سے ہی اکثر فایدہ ہوا ہے ۔

℞ نسخہ

Aetheris nit. f. ℥ii	۲ اونس	ایتھر نائٹر
Tr. belladonnae f. ʒii	۲ ڈرام	ٹنکچر آف بلاڈونا

A teaspoonful every three hours.

دونوں کو ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل تھوڑے پانی میں شربت کیساتھ تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد دیں

℞ نوع دیگر

Chloroformi	۳ ڈرام	کلوروفارم
Tr. belladonnae aa f. ʒiii	۳ ڈرام	ٹنکچر آف بلاڈونا
Syr. aurantii cort. f. ℥iii	۳ اونس	سیرپ آف اورنج پیل

M. A teaspoonful every two hrs.

ایک ٹی اسپون فل ہر دو گھنٹہ بعد جب تک نزلہ کی تپش جاتی رہے پھر چار چار گھنٹہ بعد دیں ✦

℞ نوع دیگر

Tr. belladonnae	آدھا اونس	ٹنکچر آف بلاڈونا
Tr. gelsemii aa f. ℥ss.	آدھا اونس	ٹنکچر آف جلسیمائی

M. Twenty drops every two or three hours.

دونوں کو ملا کر اور بیس بیس قطرے دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد دیں ✦

Dr. Fuller. ڈاکٹر فلر صاحب

زکام میں یہ نسخے مندرجہ ذیل ہر مرض میں مفید ہیں ✦

پاؤں کے جلانے سے نیورالجیا زیادہ ہوجاتا ہے جو نیز بہار کی پر ہیز کرنا چاہئے ❖

پانچویں جوڑ کے عصب کے درد میں کروٹن کلورل کے استعمال سے بہت فایدہ ہوتا ہے

نسخہ یہ ہے ❖

Rx. نسخہ

